14 ستمبر 2020ء

اگست میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر مستحکم رہیں

- اگست میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر 2 ارب ڈالر سے زائد رہیں۔ یہ مسلسل تیسرا مہینہ ہے جب ترسیلاتِ زر 24.4 فیصد (سال بسال) اضافے کے ساتھ 2.095 بلین ڈالر رہیں۔ یہ کافی حد تک اسٹیٹ بینک کے تخمینوں سے ہم آہنگ ہے۔
- گذشتہ تین ماہ میں ترسیلات زر 7.3 بلین ڈالر کی غیر معمولی سطح پر پہنچ گئیں۔ جو گذشتہ سال کے اسی عرصے کے دوران 37.2 فیصد زائد رہیں۔
- ترسیلات زر میں یہ مستقل استحکام پاکستان ریمی ٹنس انی شیٹو کے تحت باضابطہ چینلز کے ذریعے رقوم کی آمد کی ترغیب دینے کی اسٹیٹ بینک اور حکومتِ پاکستان کی کوششوں اور مشرق وسطیٰ، یورپ اور امریکہ جیسی بڑی راہداریوں میں کاروباری اداروں کے بتدریج دوبارہ کھلنے کے اثرات کی عکاسی کرتا ہے۔
- اگست میں سعودی عرب (0.593 بلین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (0.410 بلین ڈالر)، اور برطانیہ (0.302 بلین ڈالر) سے موصول ہونے والی کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کا حجم نمایاں تھا۔
- ماہ بماہ بنیاد پر، یہ ترسیلاتِ زر جولائی میں درج کی گئی 2.768 بلین ڈالر کی ریکارڈ سطح کے مقابلے میں 24.3 فیصد کم تھیں، جو بنیادی طور پر عید الاضحیٰ کے بعد معمول کی کمی کی عکاسی کرتی ہیں۔

***